## Sociology - FA Part 1 Sociology Urdu Medium Chapter 7 Short Questions Test

Q1. مذہب سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** مذہب عقائد اور افعال کا ایسا نظام ہے جس کا تعلق مقدس اور پاک چیزوں سے ہو مذہب کہلاتا ہے،مذہب دراصل رسومات ،عقائد اور ان سے متعلق اعمال کا نام ہے.

---

Q2. مثبت مستحبات سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** وہ افعال جن میں جوابی طور ہر انعام دیا جائے مثبت مستحبات کہلاتے ہیں. تعریف کرنا ،خوش آمد کرنا،ہدایت دینا،اشتہار بازی اور پروپنگنڈا کے ذریعے کسی چیز کی تعریف کرنا رغبت دلانا ،سند دینا وغیرہ مثبت مستحبار کی مثالیں شامل ہیں.

---

Q3. بلدیاتی آبادکاری کی تعریف کریں.

**Ans 1:** افراد کی تعداد پانچ ہزار نقوس سے زیادہ ہو،کسی ایک مقام پر اکھٹے ہوتے ہوں.زندگی گزارنے کی جدید سہولتیں،ریل،ہسپتال.سکول،کالج منڈی اور انتظامیہ کے ادارے بھی پائے جاتے ہو اور زندگی گزارنے کے انداز پیچیدہ نوعیت کے ہوں ایسی علاقہ بلدیاتی آباد یا علاقہ کہا جاتا ہے.

---

Q4. مسجد کے تین وظائف تحریر کریں.

**Ans 1:** 1.مسجد ہر دکھی دل اور پریشان کے لیے تسکین کا باعث ہے. 2.بہت سے سوالی اور حاجت مند مسجد میں نمازیوں سے امداد طلب کرتے ہیں. 3.مسجد دینی علوم کی تعلیم کا بہرتیں ذریعہ ہے.

---

Q5. معاشرتی معمولات سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** معاشرتی معمولات کے ارکان کے وہ متوقع کردار ہیں جو مخصوص معازرتی موقع پر انجام دیتے ہیں.

---

Q6. منفی رسمی مستحبات کی تعریف کریں.

**Ans 1:** رسمی وہ مستحبات ہیں جنہں قانون کی شکل حاصل ہو یا کسی مقرر شدہ اصول و ظابطے کے مطابق عمل میں آتے ہوں،ان میں منفی اور مثبت دونوں قسم کے مستحبات شامل ہیں.

---

Q7. گاؤن کے دوخواص بیان کریں.

**Ans 1:** 1.گاؤں کی آبادی پانچ ہزار افراد سے کم ہوتی ہے. 2.گاؤں میں فنی ماہریں دستیاب ہوتے ہیں جن میں ٹریکٹر ،ٹیوب ویل کی ابتدائی مرمت کرنےوالے ،نلکا مرمت کرنے والا اور درزی وغیرہ شامل ہیں.

---

Q8. لوک ریت کی تعریف کریں.

**Ans 1:** لوک ریت معاشرے کے منظور کردہ انداز زندگی ہیں جو تفاعل کی پیداوار ہے و ایک نسل سے دوسری نسل میں منتقل ہوتے رہتے ہیں.

Q9. جرم کی تعریف کریں.

**Ans 1:** قانون کی خلاف ورزی جرم کہلاتی ہے. اس پر مختلف سزائیں دی جاتی ہیں جن میں جرمانہ،قید اور پھانسی جیسی سزائیں شامل ہیں،جرم کرنے والے کو مجرم کہتے ہیں.

Q10. معاشرتی معمولات کے دو وظائف بیان کریں.

**Ans 1:** 1.معاشرتی معمولات افراد کی معاشرے میں رہنمائی کرتے ہیں. 2.معاشرتی معمولات افراد کے کردار کو معاشرتی حالت کے مطابق کنٹرول کرتا ہے..